فیئرفیکس کاؤنٹی
معاشی نقل و حرکت پائلٹ

فیئرفیکس کاؤنٹی معاشی نقل و حرکت پائلٹ اہلیت کی دستاویزات کی فہرست

شناخت
دستاویز کی ایک شکل درکار ہے:

- حکومت کی جاری کردہ شناخت، جیسا کہ ڈرائیونگ لائسنس، پاسپورٹ یا کسی ریاست، کاؤنٹی یا علاقے کا شناختی کارڈ (خواہ میعاد ختم ہو چکی ہو)۔
- ایمپلائر کی جاری کردہ فوٹو آئی ڈی۔
- مقامی امریکی قبائلی فوٹو آئی ڈی۔
- کالج/یونیورسٹی کے طالب علم کی فوٹو آئی ڈی۔

درج ذیل زپ کوڈز میں سے ایک میں شناخت کردہ علاقوں میں سے ایک میں رہائش: 22306, 22309, 20190, 20191, 22003, 22150, 20120, 22041, 20170 یا 20151
دستاویز کی ایک شکل درکار ہے:

- حکومت کی جاری کردہ شناخت، جیسا کہ ڈرائیونگ لائسنس، پاسپورٹ یا کسی ریاست، کاؤنٹی یا علاقے کا شناختی کارڈ جس میں موجودہ پتہ درج ہو (میعاد ختم نہ ہوئی ہو)۔
- موجودہ مورٹگیج یا کرائے کا معاہدہ جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو (میعاد ختم نہ ہوئی ہو)۔
- گھر کے کاغذات جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو۔
- موجودہ گاڑی کی رجسٹریشن جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو (میعاد ختم نہ ہوئی ہو)۔
- W2 اور/یا 1099، ٹیکس کے سال 2022 سے۔
- ووٹر آئی ڈی کارڈ جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو
- انشورنس کی دستاویز جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو۔
- سرکاری ایجنسی کا خط یا وظیفے کی دستاویز؛ اس کی تاریخ گزشتہ 3 ماہ میں ہونی چاہیے۔
- یوٹیلیٹی یا سیل فون کا بل جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو؛ اس کی تاریخ گزشتہ 3 ماہ میں ہونی چاہیے۔
- بینک اسٹیٹمنٹ کا پہلا صفحہ جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو؛ اس کی تاریخ گزشتہ 3 ماہ میں ہونی چاہیے

گھر میں 16 سالہ یا اس سے کم عمر بچہ
دستاویز کی ایک شکل درکار ہے:

- برتھ سرٹیفیکیٹ برائے طفل (طفلان) بمعہ نام و تاریخ پیدائش
- قانونی دستاویز (مثال کے طور پر موجودہ کسٹڈی کا معاہدہ، رضاعی نگہداشت میں دینے کا معاہدہ)، بچے/بچوں کے نام اور تاریخ پیدائش سمیت
- حکومت یا وظیفے کی دستاویز جس میں بچے/بچوں کا نام اور تاریخ پیدائش شامل ہو
- اسکول کی دستاویز جس میں بچے/بچوں کا نام اور تاریخ پیدائش شامل ہو

کل مجموعی سالانہ گھرانے کی آمدن (2023) FPL کے 150-250% کے درمیان ہو
گھر میں مالی طور پر حصہ ڈالنے والے ہر شخص کے لئے دستاویز کی ایک شکل درکار ہے۔ کل مجموعی سالانہ آمدن سے مراد گھر میں مالی طور پر حصہ ڈالنے والے گھرانے کے تمام افراد کی کل آمدن ہے۔ آمدن سے مراد ملازمت سے کمائی گئی رقم اور نقد وظائف جیسا کہ SSI، SSDI، TANF اور چائلڈ سپورٹ ہیں۔

- ایک مہینے کی تنخواہ کی رسیدیں؛ اس کی تاریخ گزشتہ 3 ماہ میں ہونی چاہیے۔
- عارضی ملازمت کے پلیٹ فارم، جیسا کہ اوبر، ڈور ڈیش یا گرب ہب کی ایک مہینے کی لین دین کی ہسٹری یا ذاتی ملازمت کا ریکارڈ؛ اس کی تاریخ گزشتہ 3 ماہ میں ہونی چاہیے۔
- W2 اور/یا 1099، ٹیکس کے سال 2022 سے۔

براہ مہربانی نوٹ کریں کہ اضافی دستاویزات کی درخواست کی جا سکتی ہے۔

اضافی معلومات کے لئے https://bit.ly/FairfaxEconMobility ملاحظہ کریں یا ہمیں ای میل کریں: GIPilot@fairfaxcounty.gov

COUNTY OF FAIRFAX 1742 VIRGINIA

فیئرفیکس کاؤنٹی تمام کاؤنٹی پروگرامز، خدمات اور سرگرمیوں میں معذوری کی بنیاد پر عدم امتیاز کی پالیسی پر قائم ہے۔ درخواست پر مناسب انتظامات کیے جائیں گے۔ معلومات کے لئے 703-324-4600 TTY 711 پر کال کریں۔